# ین الاقوامی ممالک کے لحاظ سے | فلسطین / غزہ

تقریباً ہر 4 میں سے 3 پاکستانی 73% غزہ میں فوجی دستے بھیجنے کی حمایت کرتے ہیں؛ اس حوالے سے حمایت کرنے والوں کی شرح شہری علاقوں میں رہنے والے افراد اور مردحضرات میں سب سے زیادہ پائی گئی۔

ایک تجویز ہے کہ غزہ میں مختلف مسلمان ملکوں کی فوج بھیجی جائے تاکہ وہاں امن کی نگرانی کرے ان فوجوں میں پاکستان کو خصوصی کردار دیا جارہا ہے۔ آپ پاکستان کی فوج کو غزہ میں بھیجنے کے حق میں ہیں یا خلاف ؟






Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com;
www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

بین الاقوامی ممالک کے لحاظ سے

فلسطین/ غزہ

خارجہ پالیسی/ سلامتی

## تقریباًہر 4 میں سے 3 پاکستانی (73%) غزہ میں فوجی دستے بھیجنے کی حمایت کرتے ہیں؛اس حوالے سے حمایت کرنے والوں کی شرح شہری علاقوں میں رہنے والے افراد اور مرد حضرات میں سب سے زیادہ پائی گئی۔

(گیلپ & گیلانی سروے)

(اسلام آباد)، 17فروری 2026

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی واضح اکثریت پاکستان کی جانب سے غزہ میں فوجی دستے بھیجنے کی تجویز کے حق میں نظر آئی، جس میں73% نے اس کی حمایت کا اظہار کیا۔

"غزہ میں امن کے قیام کے لیے بورڈ کی تشکیل اور فوج کی تعیناتی کا معاملہ" کے حوالے سے عوامی رائے پر مبنی تفصیلی رپورٹ حاصل کرنے کے لیے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" ایک تجویز ہے کہ غزہ میں مختلف مسلمان ملکوں کی فوج بھیجی جائے تاکہ وہاں امن کی نگرانی کرے ان فوجوں میں پاکستان کو خصوصی کردار دیا جا رہا ہے۔آپ پاکستان کی فوج کو غزہ میں بھیجنے کے حق میں ہیں یا خلاف ؟ "**۔اس سوال کے جواب میں، 55% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس تجویز کی "پُرزور حمایت" کرتے ہیں، جبکہ 18% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس کی "تھوڑی بہت حمایت" کرتے ہیں۔اس کے برعکس، 2% جوابدہندگان نے اس تجویز کی "تھوڑی بہت مخالفت" اور 4% نے "شدید مخالفت" کا اظہار کیا۔اس کے علاوہ، 5% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ وہ نہ تو اس کی حمایت کرتے ہیں اور نہ ہی مخالفت، جبکہ دیگر 16% نے اس حوالے سے کچھ معلوم نہ ہونے کا بتایا۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ غزہ میں پاکستان کے زیادہ فعال کردار کے لیے عوامی حمایت مضبوط ہے، خصوصاً شہری آبادی اور مرد حضرات میں، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ انسانی ہمدردی یا سلامتی کے لیے پیش کی جانے والی خارجہ پالیسی کی کارروائیاں عوام کے بڑے حصے میں مثبت ردِ عمل حاصل کر سکتی ہیں۔

**"ایک تجویز ہے کہ غزہ میں مختلف مسلمان ملکوں کی فوج بھیجی جائے تاکہ وہاں امن کی نگرانی کرے ان فوجوں میں پاکستان کو خصوصی کردار دیا جا رہا ہے۔آپ پاکستان کی فوج کو غزہ میں بھیجنے کے حق میں ہیں یا خلاف ؟**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1,567 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 03 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2%± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**شہری–دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** غزہ میں فوجی دستے بھیجنے کے بارے میں رائے علاقوں کے لحاظ سے واضح طور پر مختلف ہے۔ شہری علاقوں میں اس تجویز کی حمایت نمایاں طور پر زیادہ رہی، جہاں 84% افراد اس کے حق میں نظر آئے، جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح 67% پائی گئی، جو شہری علاقوں میں نمایاں طور پر زیادہ حمایت کو ظاہر کرتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** غزہ میں فوجی دستے بھیجنے کے حوالے سے مردوں اور خواتین کی رائے میں واضح فرق پایا گیا ہے۔ تقریباً ہر 5 میں سے 4 (78%) مرد حضرات نے اس کی حمایت کا اظہار کیا، جبکہ خواتین میں یہ شرح دو تہائی سے کچھ زیادہ (68%) پائی گئی، جو مرد حضرات میں زیادہ مضبوط حمایت کی نشاندہی کرتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 17th February 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* **Gallup Pakistan** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)